Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

# شہباز شریف کی پریس کانفرنس پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِ عمل

ذلّت آمیز نوکری کا بوجھ سر پر اٹھائے ایک مسخرہ جھوٹ اور خرافات کے ذریعے عوام کو گمراہ کرنے کے خواب دیکھ رہا ہے،

اس چیری بلاسم کے نامۂ اعمال میں جوتے چمکانے اور ملک کو تباہ کرنے کے علاوہ کوئی دوسرا کارنامہ نہیں،

جس دن اس مجرم کو ریاستی پناہ میں ملک کے تمام چور جمع کرکے وزیراعظم بنایا گیا اس دن اس پر 24 ارب کی کرپشن پر فردِ جرم عائد ہونا تھی،

اس نااہل اور نکمّے شخص نے بطور وزیراعظم 6 فیصد کی شرح سے ترقی کرتی معیشت کو صفر سے نیچے گرایا،

اس قومی مجرم نے غریب اور تنخواہ دار طبقے کو 45% کی تاریخی مہنگائی تلے کچلتے ہوئے ڈیڑھ کروڑ سے زائد پاکستانیوں کو غربت کی اندھی کھائی میں دھکیلا،

شہباز شریف کے مجرمانہ طرزِ حکومت نے آٹے، چینی اور دیگر اشیائے خورونوش کے دام میں مسلسل اضافہ کرکے عوام خصوصاً کروڑوں غریبوں کے منہ سے روٹی کا نوالہ تک چھین لیا،

شہباز شریف کی نااہلی اور نالائقی سے تحریک انصاف کے دور میں ملنے والا 150 روپے فی لیٹر پٹرول 300 روپے تک کی بلند ترین سطح تک جا پہنچا،

نااہل شہباز حکومت کے دوران پاکستانی کرنسی تاریخ میں پہلی مرتبہ ریکارڈ تنزلی کا شکار ہوئی اور ڈالر کی قدر 179 سے 300 روپے تک جا پہنچی،

قومی مجرم کی حکومت کے 16 ماہ میں بجلی کا ایک یونٹ اوسطاً 50 روپے کی ناقابلِ ادائیگی سطح تک پہنچا دیا گیا،

اس سفّاک قومی مجرم نے عمران خان کی جانب سے ہر شہری کو مفت علاج کیلئے دیے گئے 10 لاکھ مالیّت کے صحت کارڈ سمیت غریب طبقے سے احساس پروگرام کے تحت فراہم کردہ تمام سہولیات چھین لیں،

قومی اداروں کے بھرپور استحصال کے ذریعے اپنے خلاف کرپشن کے مقدمات ختم کرنے والے مجرم نے تاریخ کی سب سے بڑی اور نااہل کابینہ تشکیل دینے کا اعزاز بھی اپنے نام کیا،

اس قومی مجرم نے اپنی حکومت کے 16 ماہ کے دوران آئین، قانون، جمہوریت، شہریوں کی سیاسی و جمہوری آزادیوں سمیت پوری معاشرتی اور سیاسی نظام کی تباہی کا سامان کیا،

آلِ شریف کا یہ مسخرہ اپنی حکومت میں کیے گئے ہر بیرونی دورے کے دوران وزارتِ عظمیٰ کے منصب سمیت دنیا بھر میں پاکستان کیلئے ندامت اور شرمندگی کا موجب بنا،

غیرت وحمیّت سے محروم یہ ٹبّر ایک بار پھر خفیہ ڈیلوں اور منصوبوں کے ذریعے جمہوریت، آئین اور عوامی رائے کو پیروں تلے روندتے ہوئے اپنے اقتدار کی راہ ہموار کرنا چاہتا ہے،

قوم کے ہر دلعزیز لیڈر اور مقبول ترین سیاسی جماعت کے خلاف بدترین ریاستی جارحیت اور ظلم کا سلسلہ روا رکھنے کے باجود اس مجرم گروہ کی بوکھلاہٹ اور اضطراب کی کیفیت ان کی یقینی شکست کو واضح کررہی ہے،

8 فروری دہائیوں سے ملک و قوم کو لوٹنے والے مجرموں کیلئے یومِ احتساب ہوگا اور فیصلہ عوام کی عدالت میں سنایا جائے گا، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ